© rasailojaraid.com

# رفتار تحقیق

- ۱۹۹۲ء میں ڈاکٹر فدا حسین انصاری کو ان کے مقالے "نواب محبت خاں محبت: احوال و آثار" پر سندھ یونیورسٹی کی طرف سے پی ایچ ڈی اردو کی ڈگری عطا کی گئی۔ اس مقالے کے نگراں ڈاکٹر نجم الاسلام تھے۔
- جاپانی اسکالر مسٹر کین ساکو مامیا نے ایم فل اردو کی ڈگری کے لیے "اردو اور سندھی میں مستعار انگریزی الفاظ کے ارکان تہجی کی ساخت میں تغیرات کا تقابلی مطالعہ" کے موضوع پر اپنا تحقیقی کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا اور مقالہ پیش کیا۔ زبانی امتحان کا مرحلہ ابھی باقی ہے۔ اس مقالے کے نگراں ڈاکٹر نجم الاسلام، اور شریک نگراں ڈاکٹر عبدالجبار جونیجو ہیں۔
- آنسہ شوکت چغتائی کا پیش کردہ مقالہ "اردو نعت کے جدید رجحانات" برائے پی ایچ ڈی اردو امتحان کے آخری مراحل میں ہے اور توقع ہے کہ ۱۹۹۳ء میں اس کے نتیجے کا اعلان کر دیا جائے گا۔ اس مقالے کے نگراں نجم الاسلام ہیں۔

© rasailojaraid.com